11/03/2026

09.25AM(5 min)

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں اعجازہ اختر

وزیر اعظم

وزیر اعظم نریندر مودی آج کیرالم اور تامل ناڈو کا دورہ کریں گے ۔ وہ کیرالم کے Ernakulum میں دس ہزار 8 سو کروڑ روپے لاگت والے کئی پروجیکٹوں کو عوام کے نام وقف کریں گے اور کئی دیگر کا سنگ بنیاد رکھیں گے ۔ وزیر اعظم تامل ناڈو میں 5 ہزار 650 کروڑ روپے لاگت والے مختلف ترقیاتی پروجیکٹونکی شروعات کریں گے ۔

سکینہ ایتو

سماجی بہبود کی وزیر سکینہ ایتو نے کہا ہے کہ حکومت کا مقصد آنگن واڑی مراکز کو متحرک اور معیاری ابتدائی تعلیمی مراکز میں تبدیل کرنا ہے تاکہ بچوں کی ابتدائی تعلیم اور نشوونما کو مزید مضبوط بنایا جا سکے۔

انہوں نے جموں میں ایک میٹنگ میں early childhood اور ECCE کی دیکھ بھال کے فریم ورک کو تعلیم، صحت اور دیگر متعلقہ محکموں کے ساتھ بہتر ہم آہنگی کے ذریعے مضبوط بنانے سے متعلق تجاویز پر متعلقین کے ساتھ تبادلہ خیال کیا۔

وزیر ملاقات

کشمیر آر ڈی ڈی Vendors ایسوسی ایشن کے ایک وفد کے علاوہ دیگر کئی عوامی وفود نے کل دیہی ترقی کے وزیر جاوید احمد ڈار سے ملاقات کی اور سال 2017 سے 2020 تک وینڈ رس کی جانب سے انجام دیے گئے کاموں کی بقایا ادائیگیوں سے متعلق مسائل اٹھائے۔وزیر نے وفد کو

یقین دلایا کہ اس معاملے کا جائزہ لیا جائے گا اور مناسب کارروائی کے لیے متعلقہ حکام کے ساتھ اٹھایا جائے گا۔

جاوید احمد رانا

قبائلی امور کے وزیر جاوید احمد رانا نے محکمہ کے تحت قائم پروجیکٹ مینجمنٹ یونٹ PMU کو قبائلی فلاح و بہبود کے پروگراموں کی نگرانی اور ہم آہنگی کے لیے نوڈل ادارے کے طور پر کام کرنے کی ہدایت دی ہے تاکہ ان اسکیموں کا مو

ثر نفاذ یقینی بنایا جا سکے۔ جموں میں ایک میٹنگ کے دوران اظہار خیال کرتے ہوئے وزیر ۓ کو یونین ٹیریٹری میں قبائلی فلاحی پروگراموں کی نگرانی اور رابطہ PMU موصوف نے کہا کہ کاری کے لیے ادارہ جاتی بنیاد کے طور پر کام کرنا چاہیے۔

اس دوران وزیر موصوف نے ایک علیحدہ میٹنگ میں جل شکتی محکمے کی کارکردگی کا جامع جائزہ لیا اور ترقیاتی منصوبوں کی تیز رفتار تکمیل، مضبوط نگرانی اور جوابدہی پر زور دیا۔

IUST

اسلامک یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کے Centre for Innovation and Enterpreneurship Development کے موضوع پر Fruit Preservation کی طرف سے ایک سکل ڈیولپمنٹ پروگرام جا ری ہے ۔ اس5 روزہ تربیتی پروگرام کی اہمیت کے بارے میں IUST میں Enterepreneurship Development Cell and centre for promotion of Micro and small business کے کارڈنیٹر ڈاکٹر بشارت نبی ڈار نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

یوم شہادت

آج ماہ رمضان المبارک کی 21 تاریخ ہے ۔ آج امیر المومنین شاہِ ولایت حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ تعالیٰ وجہہُ کے یوم شہادت کے سلسلے میں وادی بھر میں دینی مجالس کا اہتمام ہو رہا ہے

۔ سب سے بڑا اجتماع آثار شریف درگاہ حضرت بل میں ہو گا جہاں آج زائرین ہر نماز کے بعد موئے مقدس آنحضور ﷺ کے دیدار سے فیضیاب ہو رہے ہیں ۔

مجلس

آج کے دن کی مناسبت سے سرینگر کے خندہ بھون نوا کدل میں آج صبح نو بجے ایک مجلس منعقد ہو رہی ہے جس کی صدارت معروف عالم دین مولانا شوکت حسین کینگ کریں گے ۔ مجلس میں کئی علمائے دین حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ تعالیٰ وجہہ کی سیرت پاک بیان کریں گے ۔

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے جموں کشمیر کے مائگرنٹس کی بازآبادکاری اور بحالی کے لیے جاری فلاحی سکیموں کو نتیجہ خیز بنانے اور ان کی شکایات کے ازالے کے نظام کو مزید مو

ثر بنانے پر زور دیا ہے۔ جموں میں ریلیف ،باز آبادکاری اور تعمیر نو محکمے کی ایک میٹنگ ۂ مینچیف سیکریٹری نے وادی کشمیر کے مختلف اضلاع میں مائگرنٹ ملازمین کے لیے تعمیر کیے جا رہے ٹرانزٹ رہائشی یونٹس کی پیش رفت کا جائزہ لیتے ہوئے متعلقہ ایجنسیوں کو ہدایت دی کہ منصوبوں کو مقررہ مدت میں تمام سہولیات کے ساتھ مکمل کیا جانا چاہئے۔

لوک سبھا

لوک سبھا میں آج سپیکر اوم برلا کو اپنے عہدے سے ہٹائے جانے سے متعلق تحریک پر دوبارہ بحث ہو گی ۔ یہ تحریک کل کانگریس کے پارلیمنٹ ممبر محمد جاوید نے ایوان میں پیش کی تھی۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت10 اعشاریہ 5 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت19 اعشاریہ9ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ